

# میری تشخیص تیز تھی

شکر ہے *My Care Record* (میری نگہداشت کے ریکارڈ) میں درج معلومات کا

*My Care Record* صحت اور نگہداشت سے متعلق پیشہ کو آپ کی معلومات تک پہنچنے کے قابل بناتا ہے تاکہ آپ کی نگہداشت میں بہتری لائی جا سکے۔

یہ فراہم کرتا ہے:

- بہتر طریقے سے مربوط نگہداشت
- فوری تشخیص اور علاج
- نگہداشت پر خرچ کرنے کے لیے مزید وقت
- کم کاغذی کام اور کم تکرار
- کم تر غیر ضروری طبی جانچ
- زیادہ صحیح نسخے
- صحت اور نگہداشت کی بہتر منصوبہ بندی

آپ کا GP، اسپتال، معاشرتی صحت، ذہنی صحت اور سماجی نگہداشت کی ٹیمیں، سبھی آپ کی نگہداشت کے بارے میں علیحدہ طور پر ریکارڈز رکھ سکتی ہیں۔

اکثر، ان معلومات کو صرف اسی تنظیم کے اندر کے صحت اور نگہداشت سے متعلق پیشہ ور دیکھ سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ بہترین نگہداشت فراہم کرنے میں ان کے لیے مل کر ساتھ کرنے میں دقت پیش آ سکتی ہے۔

جب معلومات مزید مجموعہ کی شکل میں دستیاب کرائی جائیں، تو صحت اورنگہداشت سے متعلق پیشہ ور آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو تیزی کے ساتھ، مزید مؤثر طریقے سے نگہداشت فراہم کر سکتے ہیں۔

My Care Record

ہمارے خطہ میں صحت اور نگہداشت کی تنظیمیں **My Care Record** نامی اپروچ کو نافذ کرنے کے لیے ایک ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔

**My Care Record** صحت اور نگہداشت سے متعلق پیشہ وروں کو آپ کی دیکھ بھال کے لیے ضروری معلومات تک پہنچنے کے قابل بناتا ہے، بھلے ہی وہ مختلف تنظیموں کے لیے یا مختلف مقامات پر کام کرتے ہوں۔ اس میں GP، اسپتال کے طبی ملازم، نرسیں، ہیلتھ وزیٹرز اور سماجی کارکن شامل ہو سکتے ہیں۔ اسے پورے مشرقی انگلینڈ میں متعارف کرایا جا رہا ہے۔

## **My Care Record** کس طرح کام کرتا ہے؟

**My Care Record** صحت اور نگہداشت سے متعلق معلومات کا مجموعہ تیار کرکے نگہداشت میں بہتری لانے کا ایک اپروچ ہے۔

پورے خطہ میں بہت سے مختلف محفوظ کمپیوٹر سسٹمز استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ صحت اور نگہداشت سے متعلق پیشہ وروں کو دیگر خدمات کے پاس موجود آپ کے ریکارڈز تک ڈیجیٹل طریقے سے پہنچنے کی اجازت دیتے ہیں۔ کچھ علاقوں میں سسٹمز پہلے سے موجود ہیں، دیگر علاقوں میں مزید کام جاری ہے۔

**My Care Record** اس میں شامل تمام تنظیموں کے درمیان ایک معاہدہ بھی فراہم کرتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کی نگہداشت کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے محفوظ طریقے سے معلومات شیئر کرنے کے لیے پابند عہد ہیں۔

## میری معلومات کون دیکھ سکتا ہے

جب بھی ممکن ہو، صحت اور نگہداشت سے متعلق پیشہ ور، اگر آپ کی نگہداشت کے لیے یہ ضروری ہوا، تو دیگر خدمات کے پاس موجود آپ کے ریکارڈز تک پہنچنے کے قابل ہوں گے۔

**My Care Record** صرف آپ کی نگہداشت میں مصروف پیشہ وروں کے ذریعے ہی استعمال کیا



جائے گا۔ اس سے آپ کو ملنے والے فوائد پر اثر نہیں پڑے گا۔ تیسرے فریق، کمپنیاں یا افراد جو آپ کی نگہداشت میں براہ راست شامل نہیں ہیں آپ کے ریکارڈ کو دیکھنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

**My Care Record** کا اپروچ جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن **(GDPR)** کے مطابق ہے۔ آپ کی تمام معلومات کو محفوظ طریقے سے پروسیس کیا جائے گا۔

بعض معلومات کا استعمال خدمات میں بہتری لانے اور مستقبل کا منصوبہ بنانے میں مدد کے لیے بھی کیا جائے گا۔ مثال کے طور پر، یہ مستقبل میں آپ کی دیکھ بھال کرنے کے لیے ضروری ڈاکٹروں، نرسوں اور نگہداشت کے کارکنوں کی تعداد کا منصوبہ تیار کرنے میں ہماری مدد کرے گا۔ ان معلومات کے ساتھ کام کرنے والے لوگ ان تفصیلات کو نہیں دیکھ پائیں گے جو آپ کی شناخت کرتی ہیں، جیسے آپ کا نام

## کیا میں اعتراض کر سکتا ہوں؟

آپ کے ریکارڈ کو خدمات کے درمیان شیئر کیے جانے پر آپ اعتراض کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اعتراض کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو صحت اور نگہداشت سے متعلق ان پیشہ وروں سے بات کرنی چاہیے جو آپ کی دیکھ بھال کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کا **GP**۔

معلومات کو شیئر کرنا اکثر آپ کی نگہداشت کے لیے بہت ضروری ہے۔ شیئر نہیں کرنے کا مطلب ہے کہ آپ کی مدد کے لیے بہترین طریقہ تلاش کرنے میں کافی وقت لگے گا۔ بہت سی خدمات کو معلومات شیئر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ آپ کو نگہداشت فراہم کی جا سکے۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہے، تو براہ کرم اپنے **GP** سے یا صحت اور نگہداشت کے اس پیشہ ور سے بات کریں جو آپ کی مدد کر رہا ہے۔

اس میں شریک تنظیموں کی فہرست سمیت مزید معلومات کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ***www.mycarerecord.org.uk*** کو دیکھیں۔

October 2020 V1.0
Urdu